HENRY FORD HEALTH

Henry Ford Rochester Hospital

مالی معاونت کی پالیسی کا خلاصہ

Henry Ford Rochester Hospital ، بشمول مذکورہ بالا وزارت صحت، ہر کسی کے وقار کے لئے عہد بستہ ہیں اور اس کا احترام کرتے ہیں، اور >خاص طور پر ان لوگوں کو اپنی توجہ کا مرکز بناتے ہیں جنہیں ہیلتھ کیئر کی سہولیات تک رسائی کے دوران رکاوٹوں کا سامنا ہوں-Henry Ford Rochester Hospital کا تمام کمیونٹی کی خدمت کے طور پر اپنے نگہداشت صحت کے وسائل کا انتظام کرنے کا بھی یکساں عزم ہے- ان اصولوں کے تحت Henry Ford Rochester Hospital ان تمام افراد کو مالی معاونت فراہم کرتی ہے جو Henry Ford Rochester Hospital سے ہنگامی یا طبی لحاظ سے ضروری دیگر نگہداشت موصول کررہے ہوں- اس خلاصے میں Henry Ford Rochester Hospital کی مالی معاونت کی پالیسی کا مختصر جائزہ فراہم کیا گیا ہے-

کون اہل ہے؟

اگر آپ شہر میں اور Macomb, Oakland اور Lapeer County کی کاؤنٹیز میں رہتے ہیں تو آپ کو مالی معاونت مل سکتی ہے- مالی معاونت کا تعین عام طور پر آپ کی کل گھریلو آمدنی کے وفاقی سطح غربت (فیڈرل پاورٹی لیول) کے ساتھ تقابل سے کیا جاتا ہے- اگر آپ کی آمدنی وفاقی سطح غربت سے کم یا اس کے 250% سے مساوی ہے تو آپ اخراجات کے اس حصہ پر 100% خیراتی علاج حاصل کریں گے جس کے آپ ذمہ دار ہیں- اگر آپ کی آمدنی وفاقی سطح غربت کے 250% سے زیادہ ہے لیکن وفاقی سطح غربت کے 400% سے متجاوز نہیں ہے تو آپ تدریجی پیمانہ پر رعایتی نرخ وصول کر سکتے ہیں- اگر آپ کا ہنگامی اور طبی لحاظ سے ضروری نگہداشت کے لئے طبی کردہ آپ کی آمدنی سے زیادہ ہو تو آپ رعایت کے لئے اہل ہوسکتے ہیں- اگر آپ کے اثاثہ جات وفاقی سطح غربت سے 250% سے متجاوز ہو تو ممکن ہے کہ آپ مالی امداد کے اہل نہ ہوں- جو مریض مالی معاونت کے اہل ہیں ان پر مستحق علاج کے لیے اس رقم سے زیادہ چارجز نہیں لگائے جائیں گے جو عام طور پر زیر بیمہ مریضوں پر عائد کی جاتی ہے-

کون سی خدمات کا احاطہ کیا جاتا ہے؟

مالی معاونت کی پالیسی کا اطلاق ہنگامی اور طبی لحاظ سے ضروری دیگر علاج پر ہوتا ہے- ان شرائط کی وضاحت مالی معاونت کی پالیسی میں کی گئی ہے- مالی معاونت کی خدمات میں دیگر تمام نگہداشت کا احاطہ نہیں کیا گیا ہے-

میں کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

مالی معاونت کی درخواست دینے کے لیے، عام طور پر آپ کو ایک تحریری درخواست مکمل کرنی ہوگی اور معاونت دستاویزات فراہم کرنے ہوں گے، جیسا کہ مالی معاونت کی پالیسی اور مالی معاونت کی پالیسی کی درخواست میں واضح کیا گیا ہے-

میں درخواست کے حوالہ سے کیسے مدد حاصل کر سکتا ہوں؟

مالی معاونت کی پالیسی کی درخواست کے سلسلے میں مدد کے لئے آپ مالی مشاورت کے محکمہ سے اس نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں

میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

مالی معاونت کی پالیسی اور مالی معاونت کی پالیسی کی درخواست کے فارم کی نقول https://www.henryford.com/visitors/billing/financial-assistance Henry Ford Rochester Hospital کے ہسپتال کے لوکیشنز کے مرکزی رجسٹریشن کے دفاتر سے حاصل کی جاسکتی ہیں- مالی معاونت کی پالیسی اور مالی معاونت کی پالیسی کی درخواست کی مفت نقول بذریعہ ڈاک مذکورہ بالا پتے پر خط ارسال کرکے حاصل کی جاسکتی ہیں- مالی معاونت کی پالیسی کے متعلق مزید معلومات مرکزی رجسٹریشن یا [877-348-7072پر کال کر کے حاصل کی جاسکتی ہے-

<u>اگر میں اہل نہیں ہوں تو کیا ہو گا؟</u>

اگر آپ مالی معاونت کی پالیسی کے تحت مالی معاونت کے اہل نہیں ہیں تو ہوسکتا ہے آپ دیگر اقسام کی معاونت کے اہل قرار پائیں۔ مزید معلومات کے لئے، براہ مہربانی Henry Ford Rochester Hospital کے اس مقام سے بذریعہ ٹیلی فون[877-348-7072رابطہ کریں جہاں سے آپ کو سہولیات فراہم کی گئی تھیں۔

مالی معاونت کی پالیسی، مالی معاونت کی پالیسی کی درخواست اور ہدایات اور یہ سادہ زبان میں خلاصہ مندرجہ ذیل زبانوں میں درخواست پر ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:

عربی، فرانسیسی، جرمن، گجراتی، ہندی، اطالوی، جاپانی، کورین، پولش، روسی، سربو کروئیشین، ہسپانوی، تگالاگ، اردو، اور ویت نامی